تحفۂ جمیل

جمیل

ادارۂ طبیبِ حاذق۔ گجرات

صدری مجربات کا لاجواب خزانہ

تحفۂ جمیل



حکیم محمد عبدالرحیم جمیل

مقام اشاعت

نذر

میں نہایت خلوص کے ساتھ

اس بے بہا تحفہ حسابیہ فن

کی

خدمت میں پیش کرنے کا

فخر حاصل کرتا ہوں ؛

نیاز مند

جمیل

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

تعارف

تحفہ جمیل ایک نہایت مختصر سی پاکٹ جو بطور تحفہ میں اپنے احباب کرام کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں واقعی ایک لاجواب تحفہ ہے جس کی نظیر طبی دنیا میں ملنا محال نہیں، بلکہ ناممکن ہے ؛

میرے احباب اور ان اطباء کرام نے جو میری بخل شکنی کے قائل ہوئے مختلف اوقات میں اپنے مصدقہ و معمولہ صدری مجربات بطور تحفہ پیش کئے جن کو ایک جگہ جمع کر کے آج ایک گلدستہ کی شکل میں آپ کی نذر کرتا ہوں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ میری اس قربانی میرے ایثار اور بخل شکنی کی داد دیں گے اور کم از کم اپنے مطب کا ایک نسخہ جو سوفی صدی مجرب ہو۔ عطا فرما دیں گے تاکہ اسی کتاب کا آئندہ ایڈیشن بیش قیمت اضافہ کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیش کر دوں۔ کیا میں اس کے جواب میں آپ کی طرف سے کچھ توقع رکھوں ؛

جملہ حقوق محفوظ ہیں

طبع پنجم

سنہ ۱۹۸۸ء

قیمت فی جلد ۶/۰۰ روپے

ناشر حکیم محمد عبدالرحیم جمیل

پریس آداب پرنٹرز زرنیگن روڈ لاہور

سے طبع کروا کر

دفتر رسالہ طبیب حاذق گجرات

سے شائع کیا

① اکسیر لاثانی

اجزاء و ترکیب ساخت: ۔ سورنجاں شیریں ۶ ماشہ الائچی خورد ۶ ماشہ ریوند خطائی ۶ ماشہ اسرکنیا ۶ رتی مارفیا ۴ رتی ورق طلاء ایک ماشہ ورق نقرہ ایک ماشہ کشتہ فولاد ۴ ماشہ زنگرف پارہ والا ایک صد آتشہ مشک خالص ایک ماشہ کشتہ شنگرف ۴ ماشہ سب کو ملا کر خوب کھرل کریں کہ مانند سُرمہ ہو جاوے بعد ازاں گولیاں شہد کی مدد سے بقدر دانہ موٹھ بنائی جائیں۔

فوائد

اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ۔ پہلی خوراک میں اپنا اثر دکھانے والی اکسیر ہے ۔ دار العلاج میں یہی دوا، چالیس گولیوں کی شیشی دس روپیہ میں فروخت ہو کر دھڑا دھڑ بک رہی ہے مگر ہم نے بخل تشکنی کی زندہ مثال قائم کرنے کی خاطر ہزار دقتوں سے حاصل کر کے آپ کی نذر کر دیا ہے ؛

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح و شام بعد از نذا ہمراہ دودھ استعمال کریں اس کے ساتھ کم از کم ایک چھٹانک گھی اور ۲ سیر دودھ روزانہ استعمال کریں۔

طلائے سراری

دواخانہ دار العلاج کا مقبول عام نسخہ جس نے طبی دنیا کو محو حیرت کر دیا ہے کیونکہ اپنے فوائد میں اکسیر ثابت ہو چکا ہے ؛

اجزاء و ترکیب ساخت: شیر مدار ۲ پاؤ سم الفار ۱ تولہ سٹھا تیلیہ ۱ تولہ منسل ۱ تولہ گلہ حک آلسار ۱ تولہ شنگرف ۱ تولہ سیماب ۱ تولہ ہرتال دقی ۱ تولہ برادہ کچلہ ۱ تولہ اول کپڑا کھدر ۱۲ گز لے کر اس کو چار دفعہ شیر مدار سے تر و خشک کریں باقی تمام ادویہ کو ایک پاؤ روغن گاؤ میں خوب کھرل کر کے یکجان کریں کہ کوئی ذرہ نظر نہ آئے بعد ازاں کپڑا مذکور پر لیپ کر کے روغن کنجد سے تر کریں اور ایک سلاخ آہنی سے پکڑ کر ایک طرف آگ لگا دیں کہ تمام کپڑا جل جاوے اور روغن نیچے پک آئے چینی کے پیالہ میں جمع کریں روغن مذکور ۱ تولہ کروٹن آئیل ۴ ماشہ کاڈلیور آئل ۴ ماشہ ٹنکچر آیوڈین ۴ ماشہ ملا کر رکھیں۔ تیار ہے ؛

فوائد: مجلوق کے لئے تریاق کامل۔ ہر قسم کی کجی۔ لاغری کوتاہی کو صرف ایک ہفتہ میں دور کرتا ہے سوائے مادر زاد نامرد کے ہر قسم کی کمزوری کو نافع ہے ؛

اس کی آزمائش پر آپ اس کو لاکھوں طلاؤں سے بہتر پائیں گے یہ دو اہزارہا مریضوں سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہے دار العلاج میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔

ترکیب استعمال: بقدرہ قطرہ روزانہ مالش کریں کہ جذب ہو جائے۔ حشفہ سیون بچائیں۔ صبح نیم گرم پانی سے خوب مل کر دھوئیں طلا لگانے سے پہلے عضو خاص کو صابن اور گرم پانی سے دھو کر کھدر کے کپڑے سے خوب صاف کریں تاکہ مسامات صاف ہو جاویں جب نہایت باریک پھنسیاں برآمد ہوں۔ روغن لگاؤ لگاویں ؛

④ تریاق چشم

یہ اکسیر و بینظیر سرمہ جملہ امراض چشم کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے یہ فوری اثر دکھانے والا بینظیر سرمہ مجھے ایک سنیاسی سے بہزار دقت حاصل ہوا ایک ہفتہ میں تمام امراض چشم مثلاً دھند، غبار، جالا۔ رمد، ککرے۔ پڑ، بال غرضیکہ تمام امراض چشم کا اکسیری علاج ہے وہ ککرے جو اپریشن کرنے کے بعد بھی نہ گئے ہوں اس کے استعمال سے انشاء اللہ رفع ہو جاتے ہیں لطف یہ کہ بنانے میں آسان، کم خرچ اور میرا معمول مطب نسخہ ہے۔ یہی نسخہ پانچ روپیہ تولہ فروخت ہوتا ہے مگر آپ کی خاطر درج کر دیا جاتا ہے ؛

اجزاء و ترکیب ساخت: تج سفید ۱ تولہ کف دریا ۱ تولہ مرچ سفید ۱ تولہ نوشادر ۱ تولہ سرد چینی ۱ تولہ فلفل دراز ۱ تولہ کشتہ حجت ۲ تولہ کو علیحدہ علیحدہ مانند سرمہ بنا کر یک جان کر کے ۱۲ گھنٹہ متواتر کھرل کریں۔

فوائد: جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر کامل ہے آزمائش پر آپ اس کو ہزارہا سرمہ سے مفید پائیں گے ؛

ترکیب استعمال: دو سلائی رات کو سوتے وقت لگائیں۔

امساک

اجزاء و ترکیب ساخت: کستوری۔ عنبر۔ کونین سفید۔ مارفیا۔ سٹرکنیا، ہم وزن گول برابر مونگ بنا دیں۔ مجرب ہے ؛

④ پائیورین

پائیوریا۔ ماسخورہ جیسی نامراد مرض کے لئے اکسیر اعظم و دلہے میرے ایک نہایت کرم فرما حکیم صاحب نے ازراہِ کرم یہ نسخہ مجھے عنایت فرمایا جس کے بعد میں نے کئی سو مریضوں پر اس کو آزما کر مفید پایا۔ ماسخورہ ۔ دانتوں کو پانی لگنا دانتوں کا ہلنا وغیرہ کو دُور کر کے دانتوں کو سفید مانند براق کرتا ہے لطف یہ کہ درد دانت کو فوراً بند کر دیتا ہے یہ وہی نسخہ ہے جس کے لئے ڈاکٹروں نے ایک ہزار روپے انعام مقرر کیا مگر حاصل نہ کر سکے ۔ آج آپ کی خاطر حاضر ہے ؛

اجزا و ترکیب ساخت : برگ شاہترہ برگ مدار دونوں کو سایہ میں خشک کر کے علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر ملا لیں ؛

سفوف مذکورہ تولہ نیلا تھوتھا بریان ۶ ماشہ ۔ آرد بندق ہندی تولہ کشتہ منگجراج تولہ (کنوار گندل میں کیا ہوا) ملا کر سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال : انگلی سے دانتوں پر لگا دیں اور نہ ڈھیلا چھوڑ کر رال ٹپکا دیں ۔ ۲ گھنٹے کے بعد کلی کر دیں۔

ملیریا

دوتیا۔ چوتھیا بخار کو روکنے کے لئے اکسیر ہے جب آنے کا وقت ہو اس سے ۲ گھنٹے پہلے کھلا دیں۔ کوڑیاں ۔ پھٹکڑی بریان سفید ؛

خوراک : ایک ماشہ ؛

⑤ جریانول

جریان جیسی نامراد مرض کے لئے اکسیر کامل کمال درجہ کی سفید اکسیری اثر رکھنے والی اور شب و روز کے تجربہ کی چیز ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے جریان و سرعت کو نیست و نابود کر دیتا ہے علاوہ ازیں یہ لے درجے کا مغلظ و مبہی بھی ہے اور کمزوری سے پیدا شدہ جملہ شکایات کا ازالہ کر دیتا ہے طاقت بدنی کو بڑھاتا ہے منی با فراط پیدا کرتا اور اس کو گاڑھا کرتا ہے رنگ بدن کو نکھارتا اور فربہ سُرخ و سفید بناتا ہے ؛

جریان و سیلان منی ۔ سرعت ۔ احتلام ۔ ضعف اعضاء رئیسہ ۔ ذکاوت حس کے لئے تریاق کامل ہے ۔ علاوہ ازیں سلسل البول کو نافع ہے ؛

اجزا و ترکیب ساخت : قلعی تولہ پارہ تولہ دونوں کو حیلبند کریں (قلعی کو پگھلا کر پارہ کے ہمراہ شامل کریں) اس میں سفیدہ کاشغری ۲ تولہ شامل کر کے اس قدر کھرل کریں کہ مانند غبار ہو جائے سفوف مذکورہ تولہ بیروزہ مدبر ۳ تولہ رال ۲ تولہ ثعلب مصری ۲ تولہ سب کو ملا کر مانند سُرمہ کر لیں۔

فوائد : جریان ۔ احتلام ۔ سرعت ۔ ذکاوت حس ۔ سلسل البول کو مفید ہے ؛

ترکیب استعمال : ۲ ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ گاؤ نصف سیر اس کے بعد ایک چھٹانک مکھن کھلائیں ؛

⑥ بخارین

کئی مشہور طبیب اور کئی دواساز کمپنیاں اس دوا کی بدولت ہزارہا روپے کما رہی ہیں یہ نسخہ میرے ایک نہایت کرم فرما ڈاکٹر صاحب نے مجھے عطا فرمایا اور ساتھ ہی اس کے تجربات کا مشاہدہ کرایا واقعی ہر قسم کے بخار کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے پہلی خوراک سے ملیریا وغیرہ کو دور کرنیوالی اکسیر ثابت ہوتی ہے جہاں آزمایا سو فیصدی کامیابی ہوئی ملیریا کے لئے اس سے بڑھ کر نسخہ ملنا محال ہے آج تک سینہ میں بند تھا مگر آج نذر ناظرین ہے کاغذ پر رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے نسخہ انگریزی ہے مگر فوائد میں عجیب تر ہے۔

اجزاء ترکیب ساخت: کونین ہائیڈروکلورائیڈ ایک ڈرام پوٹاشیم کلوراس ۲ ڈرام ڈائیلیوٹ ہائیڈروکلورک ۲ ڈرام ٹنکچر کلورو فارم ۲ ڈرام لائیکوار آرسنی کیس ۴۸ بوند۔ ٹنکچر کارڈیم ۴ ڈرام پھٹکڑی ۴ ڈرام عرق کافور ایک بوتل ملا کر رکھیں:

فوائد: ہر قسم کے بخاروں کا شرطیہ علاج ہے:

ترکیب استعمال: ۲½ سے ایک ڈرام ہر تین گھنٹہ کے بعد دیں۔

ترکیب عرق کافور

پانی کشیدہ شدہ ایک بوتل کافور ۲ تولہ پوٹلی بنا کر اس میں ڈال دیں ہر گھنٹہ کے بعد ایک دفعہ زور سے ہلا دیں چوبیس گھنٹہ تک تیار ہوگا نہایت مفرح مسکن اور مقوی قلب ہے:

⑦ خنازیری

خنازیر جیسی نامراد مرض کے لئے تریاق اعظم کا حکم رکھنے والی اکسیری دوا جس کا ۲۰ یوم کا استعمال خنازیر کو نیست نابود کر دیتا ہے اگر خنازیر بہتی ہوں تو مرہم مذکورہ اوپر لگا دیں اور کھانے کے لئے یہ دوا دیں انشاء اللہ حکمی فائدہ ہوگا میرا آزمودہ نسخہ ہے:

اجزاء ترکیب ساخت: رُب چراٹہ تولہ رُب عشبہ تولہ آرد بندق ہندی تولہ مردار سنگ ۶ ماشہ زعفران ۶ ماشہ آیوڈائیڈ آف آئرن ۲½ ارادنس سب کو ملا کر حبوب بمقدار نخود بنا دیں۔

فوائد: خنازیر کے لئے نہایت مفید دوا ہے:

ترکیب استعمال: عشبہ ۳ ماشہ چوب چینی ۳ ماشہ۔ الائچی کلاں ۲½ اسپیر یا رہ پانی میں جوشاندہ دیں جب ۲½ اسپیر پانی رہ جائے وہ بوتل میں چھان کر رکھیں:

خوراک: ۲ تولہ صبح و شام کے ہمراہ ایک گولی کھلائیں۔

مرہم

گرگٹ ایک عدد نیلا تھوتھا ۶ ماشہ شنگرف ۶ ماشہ موم ۶ ماشہ عرق پیاز تولہ روغن زرد ۴ تولہ۔ اول گرگٹ کے سر پاؤں کاٹ کر روغن میں جلائیں بعد ازاں دوسری ادویات باریک کر کے یک جان کریں سرد ہونے پر پانی سے دھو کر محفوظ رکھیں۔ زخموں پر لگا دیں:

⑧ راحتی

ہر قسم کے دمہ۔ کھانسی۔ نزلہ و زکام کو فوراً دفع کرتی ہے سقاطع بلغم ہے امراض سینہ کے لئے تریاق ہے سل کو دفع کر کے کمزوری کو رفع کرتی ہے اس کے موجد نے اپنے کھول لڑکیہ صرف اس کی بدولت کھایا اس کی پہلی خوراک کھانسی کو رفع کر دیتی ہے بچوں بوڑھوں اور عورتوں کے لئے یکساں مفید ہے پرانے نزلہ زکام کو فوراً دفع کرتی ہے غرضیکہ ان امراض کا تریاق کہا جائے تو بجا ہے ؛

اجزاء و ترکیب ساخت: زوفا خشک ۱۰ تولہ گل بالنسہ ۱۵ تولہ بنفشہ ۵ تولہ انجیر زرد ۵ تولہ مویز منقی ۵ تولہ پوست خشخاش۔ اصل السوس ۱۰ تولہ پر یاوشاں ۵ تولہ مغز بادام ۵ تولہ تمام ادویات نصف لے کر ۵ سیر پانی میں بھگو کر ۲ بوتل عرق کشید کریں اس عرق میں نصف ادویہ ڈال کر ایک بوتل عرق کشید کریں (عرق مذکورہ ۳ پاؤ مصری ۳ پاؤ، کیلسیم ہائیپوفاسفیٹ ایک اونس کیلسیم لکٹیٹ ۱ اونس ایکسٹریکٹ گلہ ینز ایکوئیڈم ۱ اونس ہیروئن ہائیڈروکلورائیڈ ایک ڈرام مرفن سولف ایک ڈرام گلیسرین ۴ پاؤنڈ ملا کر رکھیں ؛

فوائد: کھانسی۔ نزلہ و زکام کو پہلی خوراک ہی اثر دکھاتی ہے ؛

ترکیب استعمال: ۲ ماشہ پلا دیں اگر دوسری خوراک کی ضرورت ہو، چار گھنٹہ کے بعد دیں۔

نوٹ: عرق مذکورہ اور مصری کا قوام درست کر کے دوا میں شامل کریں۔

⑨ تریاق

یہ دوا ہر اسم یابسی دائمی دردوں کے لئے تریاق کامل ہے ذات الجنب درد کمر درد پشت درد اعصاب غرضیکہ کوئی درد ہو کسی قسم سے ہو فوری اثر دکھاتا ہے عہدہ ازیں بیہوشی سرسام نزلہ زکام کو دفع کرنے اور ان کے لئے تریاق ہے خواہ اردو دست سنگر ہو مزمن جبر مزمن سوائے کھانسی گویا کہ اکسیر کامل ہے ؛

اجزاء و ترکیب ساخت: افیون خاص ۲ ماشہ کافور دیسی ۱۰ ماشہ آملہ سنداق ہندی ۲ ماشہ پوست بیخ مدار ۲ ماشہ شورہ قلمی ۲ تولہ مٹھا تیلیہ ۲ تولہ ماشہ کشنہ بارہ سنگھا ۲ تولہ البیرین ۲ تولہ علیحدہ علیحدہ مانند سرمہ کریں سب کو ملا کر سفوف بنالیں۔ تریاق تیار ہے ؛

فوائد: قابض بسکن۔ منوم۔ دافع کھانسی۔ حابس الدم اور ام دواجاع جملہ اقسام کو نافع ہے ؛

ترکیب استعمال: ۴ رتی ہمراہ آب یا بدرقہ مناسب دیں ؛

ترکیب کشتہ کوڑی نیلہ تھوتھا والا

کوڑی زرد ایک تولہ نیلا تھوتھا ایک تولہ ہلیلہ زنگی ۱ تولہ ریوند چینی ۱ تولہ سب کو یک جان آب لیموں سے کھرل کر کے خشک ہونے پر کوزہ میں کپروٹی کر کے نصف سیر کی آگ دیں ؛

(۱۰) گونوروں

سوزاک کی اکسیر لاثانی

سوزاک کی ہزارہا ادویات استعمال کرنے کے بعد ناکامیابی کا منہ دیکھنے والے حضرات اس اکسیر بے نظیر کا تجربہ کر کے اس کے لاثانی اثرات کا ملاحظہ ہو پیشاب خود اک سے جلن نہیں درد وغیرہ کافور ہو جاتا ہے لطف یہ کہ کسی قسم کی کمزوری بے چینی گھبراہٹ نہیں ہوتی اس کے دوا کے موجد نے اس کی بدولت ہزاروں روپیہ حاصل کیا ہے آزمائیں اور میری محنت کی داد دیں وہ لوگ جو زیادہ مقدار میں دوا کھانا پسند نہیں کرتے وہ نعمت خداداد سے فائدہ حاصل کریں۔ سوزاک ہر حالت میں خواہ کہنہ ہو یا جدید بمنزلہ اکسیر ہے۔

ناظرین اگر ایک نسخہ کی ہی قیمت کا اندازہ لگائیں تو ایک سو روپیہ کوئی چیز نہیں ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: آب کیلہ ۲ سیر شورہ قلمی ۳ تولہ ملا کر آگ پر رکھ کر پانی خشک کر لیں شورہ مدبر ہوگا۔ شورہ مدبر ۱ تولہ کشتہ کوڑی نیلا تھوتھا والا بست لوبان تولہ دانہ الائچی سبز تولہ پھٹکڑی سرخ بریان تولہ پورٹ بندق ہندی تولہ سب کو ملا کر سفوف بنا لیں۔

فوائد: سوزاک نیا ہو یا پرانا ہر قسم کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ تین دفعہ دن میں ہمراہ روغن صندل تولہ۔ سپرٹ رکیٹیفائیڈ تولہ۔ ٹنکچر ہائیوسائیمس تولہ کلورل ہائیڈریٹ تولہ پوٹاشیم برومائیڈ ۱ تولہ پانی ایک بوتل ملا کر خوب ہلا لیں اس مرکب ۲/۱۲ تولہ کے ہمراہ ایک ماشہ دوا مذکورہ دن میں تین دفعہ دیں ایک دن میں آرام ہوگا۔ (ترکیب کشتہ کوڑی صفحہ ۱۳ دیکھیں)

(۱۱) جادو

جنون۔ مالیخولیا۔ اختناق الرحم۔ مراق کی لاثانی دوا

یہ دوا جنون۔ مالیخولیا اور کابوس ادجاع عصبی کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھتی ہے جنون کے مریض کی حالت جب انتہا کو پہنچ چکی ہو اور کوئی دوا کارگر نہ ہو دوا اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے مریضان اختناق الرحم صرع مراق کے لئے بلا مبالغہ ایک تحفہ کامل ہے کثرت احتلام یوزش۔ بے خوابی کو دور کر کے دماغی حالت کو درست کرتی ہے اس کے موجد نے ہزارہا روپیہ صرف اس دوا کی بدولت کمایا اور موجد دوا جنون کے نام سے ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں مشہور ہے بخل کو بالائے طاق رکھتے ہوئے سینہ کا یہ راز عرض کر دیا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سفید تولہ جدوار تولہ بادیان تولہ افیون ۶ ماشہ ابریشم مقرض تولہ تخم کاہو ۲ تولہ بادرنجبویہ ۲ تولہ پوٹاشیم برومائیڈ سوا تولہ سوڈیم برومائیڈ سوا تولہ ایمونیم برومائیڈ سوا تولہ تمام ادویہ کو باریک کریں اور سفوف بنا رکھیں۔

فوائد: جنون۔ مالیخولیا مراقی۔ توحش۔ ہذیان۔ بے حسی۔ سرسام کابوس۔ اختناق الرحم۔ کثرت احتلام۔ جریان۔ سُہر۔ ام الصبیان۔ صداع ہر قسم کے لئے تریاق کامل ہے ایک دفعہ کا تجربہ آپ کو گرویدہ کر دے گا۔

ترکیب استعمال: ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ پانی یا بدرقہ مناسبہ دیں۔

(١٢) شفاء

مستورات کی جملہ شکایات کا واحد علاج

بلا مبالغہ اکسیر نسواں یا تریاق نسواں کہنے کے قابل ایک اکسیری نسخہ ہے جو تمام امراض نسوانی کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے احتباس طمث جریان الرحم سیلان الرحم۔ درد رحم۔ اختناق الرحم اور ان کے جملہ عوارضات کیلئے فی الواقع اکسیر کہا جائے تو بجا ہے ہم نے اس دوا کو جہاں استعمال کیا بفضل خدا سو فی صدی کامیابی ہوگئی اعضائے رئیسہ کو طاقت دے کر بدن میں چستی و چالاکی پیدا کرتی ہے آزمائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمادیں ٭

اجزاء ترکیب ساخت: گندھک (ڈنڈا) ۲½ تولہ کالی زیری ۲½ تولہ رسوت مصفی ۱½ تولہ ایکسٹریکٹ بیلے ڈونا ۶ ماشہ سب کو ملا کر گولیاں بمقدار ۴ رتی بنادیں۔

فوائد

جملہ امراض نسوانی کے لئے تریاق کامل ہے ٭

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح و شام بعد از غذا ہمراہ دودھ اگر طبیعت میں گرمی محسوس ہو تو دودھ دے سکتے ہیں ٭

(١٧) طلسیمن

قبض کی لاثانی دوا

قبض کو اُمّ الامراض شمار کی جاتی ہے اس کے لئے ہزارہا ادویات کا تجربہ کیا گیا مگر کوئی نہ کوئی نقص ضرور پایا کسی کی بدبو ناقابل برداشت، کسی سے پیچش کا خطرہ۔ کسی سے مروڑ اور قے کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے کوئی گھبراہٹ پیدا کرتا ہے تو کوئی بے چینی کا موجب۔ ذیل کی دوا جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرنی چاہتا ہوں ان تمام عیوب سے مبرا اور لاثانی ہے ہندوستان کا ایک مشہور دواخانہ قرص طلسمن کے نام سے اسی دوا کی بدولت بیحد مشہور ہو چکا ہے اور ہزاروں روپیہ کی فروخت ہو رہی ہے مگر ناظرین کی خاطر یہ سینہ کا راز پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں آپ اسے آزمائیں اور بندہ کو دعائے خیر سے یاد فرمادیں۔

اجزاء ترکیب ساخت: بنفشہ ۵ تولہ بہیڑہ ۵ تولہ سنا مکی ۵ تولہ گل سرخ ۵ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۴۰ تولہ جمال گوٹہ مدبر ۴۰ تولہ۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک سفوف کر کے ملا کر خوب کھرل کریں اگر مناسب سمجھیں تو چار رتی کی گولیاں بنالیں۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی قبض کشا دوا ہے جو بلا کسی تکلیف کے پاخانہ لاتی ہے ٭

ترکیب استعمال: ۴ رتی ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت استعمال کریں ٭

(۱۴) تریاقی ۔ صنف جگر ۔ بُھس ، یرقان کی اکسیر پُرتاثیر

یہ دواء صنف جگر بُھس یرقان کو دُور کرتی ہے اور جگر کی جملہ شکایات کا ازالہ ہو جاتا ہے مقوی کی شکایات کو چند یوم میں رفع کر دیتا ہے پرانے جگری بخاروں کے لئے ایک کامیاب دوا ہے خون جدید پیدا کرتا ہے چند یوم کے استعمال سے رنگ شگل آجاتا کر دیتا ہے بلڈ پریشر دچالکی عود کرتی ہے ڈھر کا صنف نام کو نہیں رہتا ۔ وہ حکایات جو صنف جگر کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہوں سب کے لئے مفید ہے ۔

اجزاء ترکیب ساخت : ایک تربوز کلاں دنی ۸ سیر الائچی سبزہ ۵ تولہ مجیٹھ ۵ تولہ ہلیلہ ۵ تولہ بلیلہ ۵ تولہ آملہ ۵ تولہ برادہ فولاد ۵ تولہ تمام ادویات کو باریک کر کے تربوز کے ایک طرف سوراخ کر کے اس میں داخل کر دیں اس پر مٹی کا لیپ کر کے کسی گرم جگہ میں بیس یوم دفن کر دیں بعد ازاں نکال کر ادویات مع گودہ نکال کر خوب ہاتھ سے ملیں یکجان ہو جانے پر کپڑے میں چھان لیں جس قدر یہ عرق برآمد ہو اس میں دُگنی نبات سفید ملا کر شربت درست کر لیں تیار ہے ۔

فوائد : صنف جگر بُھس یرقان کمزوری ۔ کمی خون دلیرو کیلئے اکسیر کامل کا حکم رکھتا ہے رنگ کو سُرخ و سفید کرتا ہے تندرست و توانا کے بدن میں پھُرتی پیدا کرتا ہے ۔

ترکیب استعمال : ایکتولہ روزانہ صبح ۴ بجے ۲۴ تولہ پانی میں ملا کر پلا دیں اگر اسکے ہمراہ سفوف ایل دیں تو سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے ۔

سفوف : افسنتین ۲ تولہ نوشادر ۳ تولہ ۔ ریوند خطائی شکر قلمی ۲ تولہ سوڈا بائی کارب ۴ تولہ فرائی ایٹ کوئین سائٹراس ۲½ تولہ ۔ سب کو ملا رکھیں ۔ ۲ ماشہ صبح ہمراہ شربت بالا دیں ۔ یہ ایک اکسیر ہے جس کی آزمائش پر آپ تعریف فرما دیں گے ۔

(۱۵) احمرین

معدہ کی جملہ امراض کا حکمی علاج

یہ مختصر سہل الحصول نسخہ بھوک کے بڑھانے کے لئے بالخصوص اکسیر ہے ۔ نہایت عمدہ مقوی معدہ اور ہاضم غذا ہے ترش ڈکاروں کا آنا ۔ بدہضمی ۔ دردِ دیرینہ ۔ کمی اشتہا ۔ غرضکہ امراض معدہ کا تریاق ہے دائمی قبض قطع شکم کے لئے تو اکسیر ہے بھوک بیحد بڑھاتی ہے غذا منٹوں میں ہضم کرتی ہے جو صاحب اس کو ایک دفعہ استعمال فرما دیں گے اس کے گرویدہ ہو جائیں ۔

اجزاء ترکیب ساخت : پوست ہلیلہ زرد تولہ پوست بلیلہ ۔ فلفل سیاہ ہر ایک ایکتولہ زنجبیل تولہ قرنفل تولہ نمک سیاہ تولہ دانہ الائچی خورد تولہ نمک ہندی تولہ جوکھار تولہ قلمی شورہ تولہ بیج مدار تولہ قرنفل ۲½ تولہ ست پودینہ ۴½ انولہ ست اجوائن ۴½ انولہ تمام ادویات کو عرق لیموں ۲۰ تولہ میں کھرل کر کے سفوف بنا دیں جب خشک ہو جائے سوڈا بائیکارب ۱۰ انولہ ملا کر سفوف بنا رکھیں ۔

فوائد : جملہ امراض معدہ کا تریاق ہے بھوک بڑھانے کے لئے بالخصوص مجرب ہے معدہ کو طاقت ور بنا کر خواہش طعام پیدا کرتا ہے چند روز کے استعمال سے امراض معدہ کو فائدہ ہو جاتا ہے ۔

ترکیب استعمال : بقدر ۴ رتی غذا کے بعد ہمراہ پانی استعمال کریں ۔

(۱۶) بواسیری

یہ ایک اسراری اور تجربہ کا نسخہ جو ہر قسم کی بواسیر کا ایک کامل و مکمل علاج ہے نسخہ کیا ہے ایک کامل دیے خطا دوا ہے جو ہر قسم کی بواسیر کو چند یوم میں نیست و نابود کر دیتا ہے بواسیر خونی ہو یا بادی اس کے استعمال سے انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوتا ہے جہاں جہاں اس نسخہ کو آزمایا گیا بے حد مفید ثابت ہوا کمال درجہ کی تعریف یہ ہے کہ مسے خود بخود خشک ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی تکلیف نہیں رہتی ایک سیاسی کا بتایا ہوا نسخہ ہے جو ناظرین کی خاطر پیش کر دیتے ہیں ؎

اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سار مدبر تولہ۔ رسوت مدبر تولہ۔ آرد بیخ ہندی تولہ جوکھار تولہ مغز تخم قیم ۲/۱ تولہ کشتہ سونا گھو ۹ ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنالیں۔

فوائد: بواسیر کے لئے ایک تریاق کامل ہے جو بفضلہ تعالیٰ میرے مطب میں نوے فی صدی کامیاب ہے ؎

ترکیب استعمال ۲ رتی صبح ہمراہ مکھن یا بالائی بذریعہ استعمال فرما دیں ؎

(۱۷) تریاق ذات الجنب

لاکھوں میں سے ایک قابل قدر تحفہ جو اس وقت تک کم از کم ۵۰۰ مریضوں پر آزمائش کے بعد آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں میرے ایک نہایت کرم فرما دوست کا عطیہ ہے پسلی کی ہر قسم کی دردوں کے لئے اس سے بہتر چیز آپ کو نہیں مل سکتی۔ ذات الجنب ہو یا ذات الصدر ذات الرئہ شوصہ ہو یا سرسام نمونیہ ذات الریہ سب کو یکساں مفید ہے سانس لینے سے تکلیف ہوتی ہو مریض انتہائی تکلیف میں ہو مگر یہ دوا دینے کے بعد سانس درست ہو جاتا ہے نہایت مایوسی کی حالت میں پہلی خوراک سے مریض کو راحت محسوس ہو جاتی ہے اس دوا کی جس قدر تعریف کی جائے بجا ہے یہ نسخہ عرصہ سے میرے زیر تجربہ ہے جس کی وجہ سے مشہور ہو چکا ہے کہ نمونیہ کے لئے حکیم صاحب کو دعا ہے کہ جہاں پہنچ جائیں یہ مرض کافور ہو جاتا ہے یہ صرف اسی نسخہ کی برکت ہے ؎

اجزاء و ترکیب ساخت: افیون مصفیٰ ۱ ماشہ کشتہ بارہ سنگھا سہ آتشہ ۶ ماشہ جوشیر مادیں کھرل کرنے کے بعد نیار کیا گیا) عطر گلاب ۳ ماشہ فلفل دراز ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر گولیاں بقدر نخود بنالیں ؎

ترکیب افیون مصفیٰ: افیون بقدر ضرورت لے کر پانی میں گھول لیں اور کپڑے سے چھان کر بجائے پر خشک کریں یہ افیون مصفیٰ ہے ؎

فوائد: ذات الجنب ذات الصدر ذات الریہ نمونیا کے لئے ماہی بے آب کی طرح تڑپتے ہوئے مریض کو بفضل خدا حیات نو بخشنے والی اکسیر ہے ؎

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں ؎

(۱۸) دُرِّ مکنون

مرگی (صرع) کے لئے ایک حیرت انگیز کمال فائدہ دینے والی لاثانی اکسیر جو بلا بالغہ صرع کیلئے ایک تریاق کامل ہے جہاں جہاں استعمال کرایا گیا ہے آج تک دوبارہ شکایت نہیں ہوئی۔ یہ نسخہ میرے محترم دوست حکیم مولوی غلام نبی صاحب مرحوم حکیم حاذق نے کمال مہربانی سے عطا فرمایا۔ اس کے بعد میں نے اس کو متعدد مریضوں پر آزمایا بے خطا پایا۔ گویا یہ ایک قابل اخفا چیز ہے مگر میں نے بخل جیسی نامراد مرض کا پردہ دل سے دور کر کے اس قلعہ زریں کو نہایت بیدردی سے پاش پاش کر کے یہ تحفہ آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے آزمائیں اور میرے حق میں دعائے خیر فرمادیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ٹڈا مادہ خشک ۲ تولہ سرگین گرگ (بھیڑیے کا پاخانہ) ۲ تولہ آدمی کے سر کی کھوپری کی ہڈی ۲ تولہ۔ راکھ ٹکڑا کمیل (جو کھٹمل کے خون میں خشک کیا گیا ہو) جلا کر اس کی راکھ) تولہ۔ سب کو ملا کر سفوف بنالیں۔ تیار ہے۔

فوائد: مرگی کا تریاق کامل اکسیر اعظم ہے واقعی قابل اخفا تحفہ ہے

ترکیب استعمال: بقدر ایک رتی نسوار دیں۔ سات یوم صبح استعمال کریں۔ شافی برحق اپنے فضل و کرم سے شفاء کامل عنایت فرمائیں گے۔

(۱۹) حَبُ اعجاز

ہر مطب میں رہنے کے قابل اور لاجواب اکسیر جو سینکڑوں امراض کی واحد دوا ہے میرے خاص مجربات میں سے ہر وقت مطب میں تیار رہنے والی اکسیر ہے جہاں اس کو استعمال کیا گیا اکسیر سے کم نہ پایا مطب کی رونق بڑھانے والی اکسیرات میں اس کا خاص درجہ ہے۔

متواتر تجربہ نے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ یہ دوا مطب کی زینت ہے بڑے بڑے قیمتی نسخوں کو مات کرنے والی اکسیری گولیاں ہیں جو صاحب اس کو ایک دفعہ بنا کر تجربہ فرمادیں گے اس کے گرویدہ ہو جائیں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سار تولہ پارہ تولہ شنگرف تولہ مٹھا نیلہ مدبر تولہ افیون تولہ فلفل دراز تولہ سہاگہ تولہ مرچ سیاہ تولہ قرنفل تولہ جوزبوا تولہ زعفران تولہ تمام ادویات کو کوٹ کر ایک ہفتہ آب ادرک میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

فوائد: تمام امراض باردہ۔ فالج۔ لقوہ۔ تشنج کزاز وجع کزاز، وجع المفاصل عرق النساء۔ گنٹھیا۔ سنیات پرسوت کے لئے اکسیر ہے۔ ضیق النفس۔ پرانی کھانسی۔ اسہال معدی معوی۔ صرع۔ سکتہ۔ نزلہ وزکام۔ پیچش ضعف اشتہاء دوران سر وافح انقلاب معدہ۔ دافع ریاح تپ ہر قسم ممسک مقوی باہ دافع جریان سرعت کثرت بول غرضیکہ لائق طبیب اس کو مناسب بدرقہ سے ہر مرض پر استعمال کر کے فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی کسی مناسب عرق یا شربت سے دے دیں۔ ۲۴ گھنٹہ میں ۲ گولی سے زیادہ نہ دیں۔

(۲۰) پتھر توڑ

پتھری۔ ریگ گردہ مثانہ کی لاثانی دواء

گردہ مثانہ کی پتھری کو بلا اپریشن خارج کرنے کے لئے اس سے بہتر چیز آج تک نہیں دیکھی گئی سینکڑوں دفعہ کے استعمال کرنے کے بعد یہ چیز آج آپ کی خدمت میں پیش کی جارہی ہے ریگ کو خارج کرکے پتھری کو توڑ کر ریزہ ریزہ کرکے پیشاب کی راہ سے نکالنا اس کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہے اس کے استعمال سے پیشاب خوب کھل کر آتا ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے پتھری ریگ خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں صاف کر دیتی ہے گویا یہ ایک اعجاز ہے جو صرف معاونین طبیب حاذق کی خاطر سینہ سے نکال کر رکھا جارہا ہے ؛

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ یہود ۵ تولہ شورہ قلمی ۵ تولہ کھار سرخ ۵ تولہ سب کو آب مولی ایک سیر میں کھرل کرکے ۵ سیر کی آگ دیں دوبارہ نکال کر نصف سیر پانی میں کھرل کرکے خشک ہونے پر آگ دیں تیسری آگ ایک پاؤ پانی میں کھرل کرکے خشک ہونے پر آگ دیں اسی طرح باقی چار آگ ایک پاؤ پانی میں کھرل کرکے دیتے جادیں بعد نکال کر آب کیلہ ایک سیر میں ڈال کر پکادیں سنبھال کر رکھیں۔

اکسیر مذکورہ ۱ تولہ کشتہ کانچ سفید ۱ تولہ جوکھار ۳ تولہ نمک برگ انگور ۲ تولہ نمک پوست خربوزہ ۲ تولہ نوشادر ۱ تولہ ریوند چینی ۱ تولہ نگ ماہی ۲ تولہ سب کو ملا کر باریک سفوف بنالیں ؛

کشتہ کانچ

کانچ بقدر ضرورت لے کر آگ پر گرم کرکے مولی کے پانی میں بجھاتے جادیں بعد ازاں اسی پانی میں کھرل کرکے مولی کے نغدہ میں رکھ کر ۵ سیر کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں تیار ہے ؛

فوائد: گردہ مثانہ کی ریگ پتھری کو پیشاب کی راہ سے خارج کرتا ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ ہمراہ شربت بزوری یا شربت مصری کے ساتھ دیں ؛

(۲۱) اکسیر اعظم

چوبیس گھنٹہ میں نامردی کو دور کرنیوالی سنیاسی اکسیر

بلا مبالغہ ایک لاجواب اکسیری تحفہ ہے جس کی شان و فوائد کی ہم پلہ کوئی دوا ملنی ناممکن و محال ہے ایک ہی خوراک سے طاقت کو انتہا درجہ پر پہنچا دیتا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے عضو مخصوص کی طرف دورانِ خون کو تیز کرنا اس کا کام ہے بدن میں چستی چالاکی پیدا کرکے غضب کی طاقت پیدا کرتی ہے۔ ایک خوراک میں ہی وہ اثر کرتی ہے جو دوسری ادویہ کے مہینوں استعمال سے نہ ہو یہ ہیں میرے اس سنیاسی محب خاص کے الفاظ جو اس خاص اکسیری نسخہ کی تعریف میں مجھے لکھاتے گئے ؛

ناظرین کرام سے استدعا ہے کہ جو صاحب اس لاثانی تحفہ کو آزمائیں دفتر کو اس کے نتیجہ سے اطلاع دیں کیونکہ جس طرح میں نے بخل کو دُور کر کے یہ تحفہ آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے اس طرح آپ بھی اس کی آزمائش و نتائج سے مطلع فرما دیں، تاکہ دوسرے احباب مستفیض ہو سکیں ؛

نسخہ کی تعریف ؛ اجزاء اور صاحب نسخہ کے الفاظ بیان تو اس امر کی شہادت دیتے ہیں کہ واقعی یہ اکسیر اکسیر ہی ہوگی ۔ باقی جو اللہ کو منظور ہے آزمائیں فائدہ کی صورت میں دفتر کو مطلع فرما دیں مشکور ہوں گا ؛

نسخہ مبارک یہ ہے اجزاء و ترکیب ساخت ؛ بچھو سیاہ (کرنڈم) ۴ عدد۔ ہینگ (حلیتیت) ۱ تولہ ۔ سرکہ انگوری ۲ تولہ حب بلسان ۱ تولہ ۔ ہینگ کو سرکہ میں بھگو دیں اور بچھوؤں کو جلا کر خاک بنا لیں اور تمام اجزاء کو باہم ملا کر شہد کی مدد سے تین گولیاں تیار کریں اکسیر تیار ہے ؛

ترکیب استعمال ؛ مریض مایوس و نامرد ۔ آلۂ تناسل پر رات کو گل کیمو ایک پاؤ کے پانی میں جوش دے کر باندھ دیں صبح کھول دیں اور تمام جسم پر تیل کی مالش کر کے گرم پانی حسب برداشت کی دیگ میں بٹھا دیں جب پسینہ آ جائے ایک گلاس ہمراہ شربت بزوری ۵ تولہ عرق خطمی ۵ تولہ عرق خبازی ۵ تولہ کھلا دیں بعد گرم کپڑے سے جسم کو ڈھانپ کر بیٹھا رہے پیاس کے وقت مذکورہ بالا عرقیات و شربت پئے ۔ ۲ بجے کے قریب گندم کا موٹا دلیا پکا کر کھلا دیں ۔

مذاق حسب مزاج احتیاط و تدابیر اختیار کریں ؛

ایک گولی سے نامردی دُور ہوگی میرے ایک نہایت عزیز دوست نے ڈاکٹر محمد شفیع صاحب ضلع سیالکوٹ نے آزمانے کے بعد فرمایا ہے کہ نسخہ صحیح ہے ناظرین آزما کر اپنے تجربہ سے مطلع فرما دیں ۔

(۲۲) طلاق ثانی

بیرونی شکایات کا قلع قمع کرنے والا بینظیر طلا ہے جس کا ایک دفعہ کا استعمال ہر قسم کے طلاؤں سے مستغنی کر دیتا ہے ۔ ہر قسم کی کمی ۔ لاغری، سستی، ٹیڑھا پن، رگوں کا اُبھار وغیرہ کو دُور کر کے عضو مخصوص میں طاقت پیدا کرتا ہے دورانِ خون کو عضوِ مخصوص کی طرف تیز کر کے شہوت اور تندی کو بڑھاتا ہے غرضیکہ اس دوا کا ایک دفعہ کا استعمال نہایت مفید ثابت ہوا ہے آزمائش شرط ہے ناظرین کی خاطر یہ بیش کار ازدیش کرتا ہوں قدر آپ کریں آزمائش کے بعد دفتر کو مطلع کرنا آپ کا فرض ہے اُمید ہے کہ آپ اس فرض سے سبکدوش ہونے کی کوشش فرما دیں ؛

اجزاء و ترکیب ساخت ؛ سم الفار ۶ ماشہ لونگ ۱ تولہ جلوتری ۱ تولہ جائفل ۱ تولہ روغن کنجد ۱ تولہ سب کو سرمہ کی طرح کھرل کر کے روغن کنجد ملا کر چوبیس گھنٹے کھرل کر کے گرمیوں کے موسم میں ایک ماہ سردیوں کے موسم میں دوبارہ دھوپ میں رکھیں یا ایسی جگہ ۵ ایوم دفن کر دیں جہاں بوتل مذکور کو گرمی پہنچتی رہے پندرہ یوم کے بعد تیل صاف نکال لیں ؛

تیل مذکور ۱ تولہ ریڈ آئیوڈائیڈ آف مرکری ۲ رتی چوبی شیر ۱ تولہ ۔ آیوڈین ۸ رتی ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۲ رتی سب کو یک جان کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں ؛

منوائد ؛ دنیا بھر کے طلاؤں کا سردار اور لاثانی و اکسیر تحفہ جو آزمائش کے بعد نہایت کامیاب ثابت ہوا ہے ؛

ترکیب استعمال ؛ بقدر ۳ رتی انگلی پر لگا کر مالش کر کے جذب کر دیں اگر شہوت زیادہ ہو جائے تو خصیوں پر ضرب لگا دیں تاکہ رفع ہو جائے اوپر برگ پان باندھ دیں کوئی بدقسمت ہوگا جس کو دوسری دفعہ استعمال کی ضرورت پڑے

اگر ضرورت باقی رہے پندرہ یوم کے بعد پھر استعمال کریں۔

نوٹ: اگر کسی نسخہ کے متعلق کوئی بات دریافت طلب ہو تو جوابی کارڈ یا ٹکٹ ارسال فرما کر جواب طلب فرمادیں۔

(۲۳) نسخہ مقوی باہ ممسک

از جناب حکیم سید غلام محی الدین صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: تودری سفید۔ تودری سرخ۔ سم الفار۔ شنگرف ولایتی کو نمبر ۱ پہلے تودریوں کا باریک سفوف تیار کر کے علیحدہ رکھ لیں پھر سم الفار اور شنگرف دونوں کو خوب کھرل کریں تاکہ شنگرف کی چمک باقی نہ رہے۔ آب افشردہ برگ ارنڈ سرخ ۲ ۱/۲ پاؤ اور آب کریلا سبز ایک پاؤ میں دونوں کو یہاں تک کھرل کریں کہ تمام پانی خشک ہو جائے پھر سفوف تودریوں ڈال کر باہم خوب آمیختہ کر کے کھرل کریں۔ تاکہ یک جان ہو جائیں اور بمقدار مخمود گولیاں تیار کر کے ورق نقرہ یا طلا چڑھائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی بوقت خواب ہمراہ شیر گاؤ گرم شیریں جس قدر پی سکیں جب طاقت کم از کم گیارہ روز زیادہ سے زیادہ اکیس روز تک استعمال کریں۔

فوائد: مقوی باہ۔ امساک لاتا ہے اور منی کو گاڑھا کرتا ہے۔

عجیب الفوائد مجرب ہے۔

(۲۴) ٹانک پلز

از جناب حکیم محمد حسن صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: ایڈ آرنگ ۱۰ گرین اسٹرکنا سلفاس ۱۰ گرین فرائی میڈکم ایک گرین اکسٹریکٹ ڈیانہ ۱ ۱/۲ گرین گندھک ۱۰ گرین یوہیمبن ۱۰ گرین گولڈ مکور ایڈ آف سوڈیم ۱۲ گرین اکسٹریکٹ جلغن حسب ضرورت یہ جملہ ادویہ ایک گولی کی مقدار لکھی گئی ہے اسی مقدار سے ۶۴ گولیاں بنائیں ترکیب استعمال ایک گولی بعد از غذا ہمراہ پانی تازہ نیم گرم۔ فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ۔ محرلون۔ اور مصفی خون ہے درد مفاصل و استخوان کے درد کو دور کرتا ہے۔ ریڑھ کی ہڈی کو طاقت دیتا ہے۔ مقوی باہ۔ جریان۔ احتلام۔ سستی۔ نامردی کو بدرجہ غایت نافع ہے پرہیز: غذا مرغن ہو دودھ۔ مکھن بہت استعمال کریں۔

(۲۵) اکسیر جریان

از جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید ۳ ماشہ ثعلب مصری ۳ ماشہ بیخ بند گجراتی ۳ ماشہ جائفل ۳ ماشہ جلوتری ۳ ماشہ زعفران ۱ ماشہ نبات سفید ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ کو باریک کر کے سفوف بنالیں اور انیون ۲ رتی محلول کر کے ادویہ ملائیں اور گولیاں بقدر مخمود بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر گاؤ مادہ یک پاؤ۔

فوائد: مقوی باہ اور سرعت انزال۔ کثرت احتلام کو مفید ہے۔

پرہیز: غذا ہلکی۔ زود ہضم۔ پالک ٹینڈا شلجم۔ دال مونگ دیر ہضم۔ مادہ انگیز۔ ترش اشیاء ترش وغیرہ سے پرہیز کریں۔

(۲۶) طلا

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ۳ ماشہ پھٹاک ۳ ماشہ تخم جوز ماثل ۳ ماشہ عقر قرحا ۳ ماشہ شنگرف رومی ۳ ماشہ کوٹ چھان کر روغن گاؤ مادہ ۱۰۱ مرتبہ دھو کر اس میں ملائیں اور محفوظ رکھیں ٭

طریق استعمال: رات کو بوقت خواب حشفہ و رگ زیریں کو چھوڑ کر طلا لگا دیں اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیا کریں صبح کھول کر آب گرم سے دھویا کریں جب چھوٹے چھوٹے دانے نمودار ہوں ایک مرتبہ لگا کر بس کریں اور اوپر روغن چنبیلی ۳ ماشہ مسکہ ۲ ماشہ جست ۳ ماشہ ملا کر لگا دیں۔ تا آنکہ بالکل صحت ہو جائے ٭

فوائد: سستی۔ لاغری۔ جڑ کا پتلا ہو جانا وغیرہ امراض عضو تناسل کو دور کر دیتا ہے اور خوب خیزش لاتا ہے ٭

پرہیز: آب سرد و ہوا سرد سے دوران استعمال میں پرہیز رکھیں ٭

طاقت کی لاثانی دواء

از جناب حکیم امولک رام صاحب سیٹھی

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۲ تولہ زعفران کشمیری ۱ تولہ افیون ۱ تولہ ہرسہ ادویہ کو کوٹ کر باہم ملائیں اور ایک نارجیل میں چھید بند کر کے پُر کر دیں۔

چھید بند کر کے نارجیل کے اوپر آرد ماش کا ضماد کر دیں اور ایک سیر روغن گاؤ کڑاہی میں ڈال کر اس میں شہد خالص ۳ پاؤ ڈال کر جوشانیں بعد ازاں نارجیل ڈال دیں جب نارجیل بریان ہو کر سُرخ رنگ قریب سوختنی ہو جائے کڑاہی نیچے اتار لیں اور نارجیل نکال کر دوا اندر سے نکال لیں پیس کر باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں ٭

خوراک: ۲ چاول درمکہ یا بالائی علی الصباح۔ جو گھی کڑاہی میں باقی رہ گیا ہو اس کا عضو تناسل پر طلا کریں۔

غذا: مرغن۔ زود ہضم ٭

پرہیز: ترش۔ بادانگیز۔ تیل۔ گڑ۔ مرچ سرخ وغیرہ سے پرہیز کریں۔

فوائد: قوت باہ بے حد پیدا کرتا ہے اور اسہال لاتا ہے۔ مجرب ہے ٭

دُرِ مکنون

اجزاء و ترکیب ساخت: افیون ۳ ماشہ سلاجیت عمدہ ۳ ماشہ زعفران درجہ اول ۳ ماشہ مشک خالص ۱ ماشہ لونگ کلاہ دار ۳ ماشہ گھاں ۳ ماشہ جائفل ۳ ماشہ ورق نقرہ ایک ماشہ مروارید ۳ ماشہ جملہ ادویہ کو کوٹ کر با امداد شہد جوب بمقدار رتی تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ شیر تازہ کھا لیا کریں فوائد: مقوی بدن جریان۔ سرعت انزال۔ نامردی کے لئے تریاق اعظم ہے ٭

نسخہ طلاء

از جناب حکیم قمر الدین صاحب

اجزاء ترکیب ساخت: خمیر کی چپل - پیر بھول - مراطین خشک مغلی
بھنگ مصطگی - ہیٹھا - تیل کونچ سفید - عقرقرحا - چند بیدستر - وارنش - تارپین
جلوتری کی تولہ زعفران ۳ ماشہ اجوائن خراسانی لیموں مغشر - ہینگ - کافور
بھیم سینی - چربی گوش انسان - بہاکر خام - شنگرف کلدہ ایک ۱ ماشہ پوست چلہ
کینہ ۱ ماشہ چربی بیندک کسکاس ۳ ماشہ چونا کلی خشک ۱ ماشہ علاوہ ایک عدد چربی
سانڈ ۲ ماشہ چربی نیولا ۲ ماشہ اشیاء کو فتی کو کوٹ کر باریک کر کے جملہ چربیاں
یک جان کر کے پگھلا کر سفوف ادویہ ڈال کر خوب ملائیں طریقہ استعمال کیسلام
ضماد کریں اور دیکھیں اگر کیلا سخت ہو جائے تو قبوا اللطوب ورنہ دوسرے دن
پھر کھرل کر کے کیلا پر ضماد کر کے دیکھیں علیٰ ہذا القیاس جب آزمائش پر
پورے اترے بس تیار ہے ؛

کشتہ ثانیہ

اجزاء ترکیب ساخت: پیسہ شیر والا کو دس مرتبہ سرکہ میں تشویہ دیں
کم الفار سفید تولہ خمیرہ مارہ تولہ میں کھرل کر کے دو قرص بنائیں پیسے کے نیچے
اوپر خطائی قرص رکھ کر کنیر سفید کے پھول تولہ اوگرد دیکھیں پھر برگ تنبر کے نشہ پر

رکھیں پھر چڑھاوا پوست کنیر اتنے قرص پاؤ کا اندر بنا کر اس میں رکھیں اس پر سیاہ
بھنگ کا کپڑا اتنے سیر لپیٹ کر سلفٹ کر کے مٹی کا ہانڈا آگ دیوں ۔
انشاء اللہ کشتہ برنگ سفید بہا ہو گا ؛

ترکیب استعمال: جب پاس ہو دو سے سیر روغن زرد ایک پاؤ پاس
رکھ لیں ۔ بعد پاس اس میں سے پینے جائیں ۔

پرہیز: پرہیز اس طرح کھانا کہ ہضم کریں اگر اس کشتہ کی گولیاں بنانا ہو
ایک چاول بالیں پھر دو گولیاں مسکہ میں ملا کر کھلا دیں دو دن ناغہ کر
کے پھر کھا کر پھر ناغہ کریں اسی طرح تا بوقت ضرورت کھلا دیں ۔ از حد
مقوی باہ ہے ۔

غذا: مرغن روغن زرد بسیار بالخصوص بوقت شام پلاؤ مرغ بروغن
زرد بسیار پکا کر کھائیں بالکل مضرات سے پرہیز کریں ۔

مقوی باہ

از جناب حکیم سید ولی حسن شاہ صاحب

اجزاء ترکیب ساخت: خرمہرہ ۵ تولہ کوا کا کس بیل ابلا ہوا نیم
سیر کا نغنہ بنا کر اس میں رکھ کر گل حکمت کر کے ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔
کشتہ برآمد سفید ہو گا ؛

ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن میں کھلا دیں ہفتہ سے تا ۲۱ یوم ؛

فوائد، وقت باہ کا عجیب الاثر کم خرچ بالانشین نسخہ ہے غذا
لطیف زود ہضم اور کھٹی زیادہ استعمال کریں ٭
پرہیز، ثقیل۔ ترشی، قابض اشیاء سے پرہیز لازمی ہے ٭

مقوی باہ

تجربہ شدہ

از جناب حکیم رحیم ڈنہ صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت، سم الفار سفید تولہ عرق گلاب ایک بوتل
میں کھرل کریں جب جملہ عرق جذب ہو جائے تو مال کنگنی ۱۰ تولہ کوٹ کر ہمراہ
سم الفار کھرل میں ڈال کر عرق گلاب قدرے ڈال کر کھرل کر کے حبوب بنالیں
جب خوب خشک ہو جائیں تو بند لیہ نیال جنتر رکھن نکال لیں۔

ترکیب استعمال

مقدار ایک خط پتہ پان پر لگا کر کھائیں تا ۲۱ یوم ٭

فوائد

مقوی باہ از حد مقوی بدن و اعضاء رئیسہ محرلون مجرب المجرب ہے ٭
پرہیز، گھی بہت زیادہ کھادیں۔ دودھ پئیں۔ بادانگیز
ترش اشیاء سے پرہیز کریں ٭

نسخہ پینس

ڈاکٹر و حکیم الیشر سنگھ صاحب

یہ ایک نامراد مرض ہے ناک اور دماغ میں کیڑے مر جاتے ہیں۔ ناک
بیٹھ جاتا ہے۔ تالو پھٹ جاتا ہے ٭
اجزاء و ترکیب ساخت، کمونچی جس کو کسوندی بھی کہتے ہیں ماہ اسوج
یا کتک میں جب یہ بوٹی جوان ہو اس کے پتے توڑ کر بغیر پانی ڈالے نکالیں
اور بازار سے دیسی کاغذ جو پنجاب میں کپاس سے تیار کیا جاتا ہے اور عدالتوں میں
عام طور پر مستعمل ہے لاکر چار چار انگشت چوڑے اور آٹھ آٹھ انگشت لمبے
ٹکڑے مقراض سے تراش کر اس سے رنگ لیں جب پانی جذب ہو کر خشک ہو
جائے پھر رنگ لیں اسی رنگنے کا کام دستی وغیرہ سے کریں، جب کاغذ بالکل ہو
جائیں تو ان کو مثل سگریٹ لپیٹ کر آخری حصہ کاغذ کا چپکا کر کے سگریٹ
بنا کر رکھ لیں ٭

ترکیب استعمال، ایک سگریٹ منہ میں رکھ کر سلگا کر کش لگائیں اور
دھواں از راہ ناک خارج کریں ٭

فوائد، سب کیڑے نکل جائیں گے اور فضولات دماغی سب خارج
ہو جائیں گے چند روز میں صحت ہو گی ٭

پرہیز، ہوا سرد سے پرہیز رکھیں اور غذا لطیف کھائیں ٭

قطع مسہ

از جناب حکیم کوی دیانند بھیم کرمچند صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: تانبے کا رکاب (جو فلعی کیا ہوا نہ ہو) ایک تانبے کا لوٹا روت ۱/۲ چھٹانک نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ سم الفار تولہ رسکپور ۶ ماشہ مسکہ ایک چھٹانک۔ تمام اجزاء کو تانبے کے تھال میں تانبے کے لوٹے میں ۲۸ پہر خوب گھوٹیں اور محفوظ رکھیں۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت دم اسپ کا موٹا بال دو انچ لمبا پت کر کے سب ہوکوں پر باندھ دیں اور صبح وہ بال کھول دیں ایک دو ہفتہ میں ہوکے کٹ کر گر جائیں گے بعد ازاں مرہم مندرجہ ذیل استعمال میں لائیں۔ مٹی کتھہ مردار سنگ دانہ الائچی خورد مکد ۶ ماشہ کھن ۱/۲ چھٹانک (پانچ دفعہ شدہ کیا ہوا) بطریق مروجہ مرہم بنا لیں اور لگائیں فوائد: پھر کبھی بھی مہو کے عود نہیں کرنے تجربہ شدہ ہے۔

کالی کھانسی

از جناب حکیم پنڈت کنندا رام شرما

اجزاء و ترکیب ساخت: تباکو سیاہ کی ڈنڈیاں موٹی بمقدار انگلی الائچ نمک سیندھا ہر دونوں مساوی الوزن پہلے ڈنڈیوں کے ایک ایک انچ ٹکڑے کر لیں اور مٹی کے کورے توے پر جلا کر کوئلہ بنا لیں۔ بعد ازاں کوئلوں میں نمک ملا کر ۲۴ گھنٹہ کے اندر کوٹ چھان کر پارچہ بیز کر لیں اور شیشی میں ڈال کر بحفاظت ڈاٹ لگا کر رکھ چھوڑیں۔

طریقہ استعمال: ایک پان بختہ ۲ عدد الائچی سبز بمعہ پوست دونوں کو کوٹ کر تھوڑا پانی ڈال کر کپڑے میں چھان لیں پھر نیم گرم کر کے دوا بلقدر ایک رتی سے ۴ رتی تک بلحاظ عمر اطفال شامل کر کے صبح و شام پلائیں۔

فوائد: کالی کھانسی کو جڑ سے اکھیڑنے والی چیز ہے۔

پرہیز: بلغم پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز۔ دودھ پیتے بچے کی مال دوا استعمال کرے۔

پیچش

جناب کریم الدین صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم بارتنگ ۶ ماشہ عرق کمودہ ۱۱ ماشہ عرق بادیان ۲ ماشہ ہر سہ کو ملا کر جوشائیں بعد ازاں خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر حل کر لیں۔

ترکیب استعمال: یہ ایک خوراک اسی طرح بنا کر تین چار روز متواتر استعمال کریں۔

فوائد: پیچش سدی یا غیر سدی کو دفع کرنے میں مجرب ہے۔

پرہیز: نمک دال مونگ مقشر اور چپاتی۔ ترشی۔ بادی۔ مرچ۔ تیل وغیرہ مضرات سے پرہیز کریں۔

شیرہ

از جناب حکیم یار محمد خان صاحب

یہ ایک ورم سخت ہے جو آنکھ کے بالائی یا زیریں پپوٹے پر خارش ہو کر ایک سرخ رنگ کی پھنسی ہو جاتی ہے۔

اس مرض میں ایک جونک مریض کی گردن کے بیچوں بیچ بالوں کے نیچے لگائی جائے دوسرے روز اس جگہ لگائی جائے بالکل صحت ہو جائے گی۔ یہ عمل تجربہ شدہ اسرائیلی ہے۔

(۲)

سفیدہ کاشغری پارچہ بیز کر کے شیشی میں رکھیں وقت ضرورت وقت خواب بچے کی آنکھ میں ڈالیں اور صبح آہستہ آہستہ آنکھیں دھو ڈالیں۔ ان آنکھیں کھل جائیں گی۔ مگرے خواہ کیسے ہی کیوں نہ ہوں بالکل ٹھیک ہو جائیں گے۔

(۳)

دوائت مصفی ایس کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں ایک گولی سکہ میں صبح اور شام استعمال حمل سے لے کر تا وضع حمل، مواظبت کھلا دیں۔

(۲)

اجزاء و ترکیب ساعت: اسپغول ۲ ماشہ کو عرق بادیان ۱۱ ماشہ عرق گلاب ۱ ماشہ میں بھگو دیں اور شربت بنفشہ ۱ تولہ ملا کر پلائیں یہ جملہ ادویہ ایک خوراک ہے اسی طرح تا صحت جاتے رہنے سے آرام آجائے گا۔

فوائد: حاملہ عورت کے پیچش کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے بچے کی بھی فائدہ معلوم ہو جائے گا بالکل بے ضرر چیز ہے۔

پرہیز: کھچڑی یا اور غذا موافق طبیعت مگر زود ہضم ہو اور اشیاء ثقیل سے پرہیز لازم ہے۔

(۳) ریگن

اجزاء و ترکیب ساعت: ہلیلہ سیاہ۔ سہ بحال شیرہ صبر زرد۔ سادی الوان لے کر کاسنی کے پانی میں خوب کھرل کر کے جو بقدر نخود بنا لیں۔

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک بوقت خواب ہمراہ تازہ پانی کھلا دیں۔

فوائد

عرق النساء یعنی رینگن کے لئے مجرب ہے۔

فوائد: جن عورتوں کا ہمیشہ حمل گر جاتا ہو اور انہیں اسقاط کی عادت پڑ گئی ہو۔ وضع اسقاط کے لئے یہ نسخہ تیر بہدف ہے ٭

④

کشتہ سنگ جراحت ۸ تولہ گیردہ تولہ سفوف بنالیں ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ شربت انجبار یا عرق گاؤزبان اگر ہر دونوں میسر نہ ہوں تو پانی سرد کے ساتھ دیں ٭

فوائد: اجراخون خواہ کسی وجہ سے ہو سو فیصدی مجرب ہے ٭

④ شربت انجبار

اجزاء ترکیب سخت: بیخ انجبارہ تولہ برادہ صندل سرخ اصلی ۲ تولہ برادہ صندل سفید اصلی ۱۲ تولہ شکر سفید نیم سیر ہر سہ ادویہ کو ۲/۲ سیر پانی میں رات کو بھگو رکھیں صبح جوشانا شروع کریں جب پانی پونا سیر رہ جاوے صاف کر کے شکر ڈال کر قوام درست کریں۔

ترکیب کشتہ

سنگ جراحت ایک پاؤ سفید چکنا سنگجراحت لے کر سفوف بنالیں اور مغز گیکوار دو چند میں ملا کر سبوچہ گلی آب نارسیدہ میں گل حکمت کر کے ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ محفوظ الہوا جگہ میں دیویں سرد ہونے پر نکال کر پیس کر بحفاظت رکھیں ٭

⑤

سم الفار سفید ایک تولہ زہرہ نہنگ یعنی گھڑیال نر ایک عدد میں کھرل کریں اور حبوب بقدر دانہ مرچ بنا کر رکھ لیں ایک گولی دربالائی یا ہمراہ شیر تازہ ایک پاؤ کھلا دیں۔

فوائد: باہ اعلیٰ درجہ پیدائشی نامرد کے سو اسب کو مفید ہے تجربہ شدہ ہے۔

غذا: مرغن دودھ مکھن بہت کھا دیں۔

اکسیر ذیابیطس

از حکیم سید احمد صاحب قریشی

اجزاء ترکیب ساخت: قلمی ۲ تولہ سیماب ۲ تولہ قلمی کو پگھلا کر سیماب میں ڈالیں گرہ ہو جائے گی کشتہ پیس کر علیحدہ رکھیں ٭

مروارید نا سفتہ ۳ ماشہ صدف اعلیٰ ۲ تولہ عرق گلاب میں کھرل کر کے خشک کریں اور علیحدہ رکھیں ٭

دانہ الائچی کلاں تولہ پارہ سوختہ تولہ کہربا شمی تولہ کوٹ کر بہت باریک کریں اور تمام اجزاء ملا کر آدھ گھنٹہ اور کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور تینوں کو ملا کر شیشی میں رکھیں ٭

ترکیب استعمال: ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ تازہ پانی ٭

فوائد

فکر خواہ کتنی مقدار میں آرہی ہو انسان روز بروز مریل ہو رہا ہو۔ پیشاب رات کو بیسیوں دفعہ آرہا ہو۔ پیاس کتنی شدت سے لگ رہی ہو۔ اس اکسیر کا استعمال چند دنوں میں جملہ شکایات کا ازالہ کر کے سرخ خون پیدا کرنے لگ جاتا ہے لاغر مریضوں کو از سر نو زندگی کا لطف دکھا کر فربہ اور تنومند کرتا ہے ٭

بواسیر

از جناب حکیم محمد شیر صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: کجلہ مدبر ۱ تولہ۔ چاکسو تولہ رسونت ۱ تولہ زنجبیل۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ باریک کوٹ چھان کر آب مولی و آب تارا میرا موزن میں گولیاں بقدر ۲/۲ ۱ رتی بنائیں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ تازہ پانی ٭

فوائد

بواسیر کے لئے اکسیر ہے خواہ خونی ہو یا بادی۔ گوشت زجلہ بادانگیز اشیاء مضرات ٭

قوّت باہ

حکیم ملک محمد حیات صاحب ثابت

اجزاء و ترکیب ساخت

شنگرف رومی ۲ تولہ ورق نقرہ ایک تولہ دونوں اشیاء کو ڈنڈا تھوہر کے پانی میں چار پہر کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں جب خشک ہو جائے تو زیر بالا ایک ایک برگ مدار رکھ کر بالو جنتر کی چار پہر کی آگ سے کشتہ کر لیں اب کشتہ مذکور ایک تولہ مشک خالص ۳ ماشہ عنبر اشہب ۲ ماشہ زعفران اصلی ایک تولہ۔ فلفل دراز ایک تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ مومیائی ایک تولہ مایہ شتر اعرابی ۶ ماشہ جدوار ۶ ماشہ مروارید مملول نیلی ماشہ جند بیدستر ۳ ماشہ ان سب اجزاء کو روح کیوڑہ میں تین پہر کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ جوار تیار کریں اور صبح نہار منہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیا جاوے اور ایام استعمال دوائی جماع اور ترشی سے پرہیز کیا جائے تو خون صالح اور ہمت مردانگی پیدا ہوگی اشتہا کی انتہا نہ ہوگی قوت باہ و حافظہ تیز ہوگی غرضیکہ نہایت اکسیری چیز ہے ٭

دوران استعمال دوائی

غذا مرغن اور طاقت ور استعمال کریں۔

اکسیر ہیضہ

از جناب قاضی محمد سلطان صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر ۲ تولہ الائچی خورد ۲ تولہ زعفران زنجبیل بستہ ۱ ماشہ مرچ سیاہ ۱ ماشہ بابونہ ایک تولہ سونڈ بابونہ کارب تولہ ۱ ماشہ ۶ ماشہ پودینہ خشک ۱ ماشہ جائفل ۱ ماشہ دارچینی ۱ ماشہ ونگ ۱ ماشہ زیرہ سیاہ ۳ ماشہ مشک کافور ۱ ماشہ شربت گلو ۲ ماشہ شربت پودینہ ۲ ماشہ شربت اجوائن ۲ ماشہ مصری کا پانی نصف سیر جملہ ادویہ کو بعد مستول و سوڈا بائی کارب و کافی مصری کے ساتھ کوٹ کر پارچہ بیز کریں بعد ازاں کوٹی ہوئی پارچہ بیز کریں اور مستول اور مشک کافور کو حل کر کے ملائیں اس کے عرق پودینہ سے حسب بقدر نخود تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال

تقویت معدہ اور ہضم غذا کے لئے دو گولی صبح اور دو شام بعد از غذا اور ہیضہ کے لئے ۲ گولیاں ہر تین تین گھنٹہ کے بعد آب گرم سے کھلا دیں۔

خواص: جملہ امراض معدہ کے لئے نافع چیز ہے۔

حب حیات

از جناب سید عبد الغنی صاحب فرحانہ

میرا یہ نازنسخہ ہے سینکڑوں مریض اس سے شفایاب ہو چکے ہیں تقریباً آٹھ سال سے زیر تجربہ ہے۔

اجزاء ترکیب ساخت: زنجبیل۔ سوہاگہ۔ برنگ کابلی۔ مزرنباد ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ۔ نمک سنگ۔ نمک طعام نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ گل مدار تمام ادویہ ہم وزن عرق گلاب میں پیس کر حسب بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: بعد طعام ۲ گولیاں ہمراہ آب تازہ کھا لیا کریں۔

فوائد: ہاضم طعام مصلح معدہ۔ عظیم البطن۔ پیٹ پھولنے کے لئے اکسیر ہے۔ ورم جگر۔ سدہ جگر۔ عظم الکبد کے لئے نافع ہے۔

۲۔ حلوا مقوی

اجزاء ترکیب ساخت: پنیہ دانہ کا مغز ۲ ماشہ عرق پیاز نرگس ہر ماشہ زردی ہفت مرغ ۵ عدد۔ بیاسہ ۲ ماشہ مصلی سفید ۲ ماشہ چنا بک حصلی سیاہ ۲ ماشہ پنیہ دانہ کو بریان کر کے مغز نکال لیں بیاسہ کو روغن گاؤ زبان بریان کریں باقی تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر بعد زردی ہفت مرغ و قند سفید طریق معروف حلوا تیار کریں۔

ترکیب استعمال، مقدار وغیرہ کے متعلق خواہش ہو تو بلا تکلف لکھیں

طلائی ملذذ

اجزاء ترکیب ساخت: عرق مکو ۱ ماشہ عنبر ۱ ماشہ ایک
مثقال کو ایک سیر گرم پانی میں حل کر کے چھان لیں بعد ازاں
خشک شدہ کو علیحدہ علیحدہ پانی میں حل کر کے چھان لیں بعد ازاں
ایک حصہ مشک ۱ حصہ عنبر ۱ حصہ کستوری ۲ حصہ
پانی ۲ حصہ عرب کو باہم کھرل کر کے مرہم بنا لیں ؛

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت قدرے حضور پر لگائیں۔

خواص: ۱ مقوی قلب اور مسکن ہے ؛

تریاق نمونیا

از جناب حکیم غلام نبی صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: ابریشم خشک ۱ ماشہ کہربا ۱ ماشہ
۱ ماشہ شیر مادیہ تیار شدہ ۱ ماشہ عطر گلاب ۱ درجن لونگ ۲ ماشہ فلفل سیاہ ۲ ماشہ
پیس کر گولیاں بقدر مقدور تیار کریں ایک گولی مریض کو بعد از طعام مناسب پانی ؛

خواص: نمونیا کا مریض ماہی آب کی طرح تڑپتا ہو۔ آرام کی نیند
جائے گا ۳۰۰ سے زائد مریضوں پر تجربہ شدہ ہے ؛

برائے صرع

اجزاء ترکیب ساخت: مرغ سفید کا انڈہ خشک شدہ ۲ تولہ
مرگی گرگ ۲ تولہ آنکھ کے سر کی کھوپڑی کی ہڈی ۲ تولہ۔ جملہ اجزاء کو کھرل کے
اندر ڈال کر خشک کیا گیا ہو تو اس کی راکھ ۲ تولہ تمام اجزاء کو کوٹ
کر خوب کھرل کیا کہ باریک سرمہ ہو جائے۔

ترکیب استعمال: بقدر ایک رتی مریض کو صبح نہار دن سات روز
تک استعمال کرائیں خواہ مرگی کے لئے بے نظیر نسخہ ہے ؛

(۳)

اکسیر معدہ

اجزاء و ترکیب ساخت: زیرہ سیاہ ۲ تولہ ۱ ماشہ مرچ سیاہ ۱ ماشہ
ہینگ ۱ ماشہ بورہ ۱ ماشہ شیرہ ۱ ماشہ شیرہ ۱ ماشہ ۲ تولہ ۲ ماشہ شیرہ ۲ ماشہ
سرکہ ۲ تولہ کھنڈ سفید ۲ تولہ ۲ ماشہ گھنڈہ ۲ تولہ ۲ ماشہ شہد خالص ۲ تولہ ۲ ماشہ
طریق سوف مجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال

۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک بعد از غذا۔
جملہ امراض معدہ کا واحد علاج ہے ؛

طاقت کی گولیاں

از جناب حکیم ایم اے مجید خانصاحب

اجزاء ترکیب ساخت: کرین ۲ تولہ افیون ۳ تولہ کستوری ۲ ماشہ
زعفران ایکتولہ ریگ کبوتر ۵ عدد ورق طلا ۵ عدد روح کیوڑہ ۵ تولہ تمام اشیاء
کو باریک کرکے روح کیوڑہ میں کھرل کریں اور گولیاں بمقدار رواۃ مسور بنالیں

ترکیب استعمال: علی الصباح ایک گولی ہمراہ شیر تازہ روزانہ کھلایا کریں۔
خواص: یہ خمیر تجربہ شدہ طاقت کی بے نظیر گولیاں ہیں دل دماغ اعصاب
اعصاب کو طاقت دیتی ہیں اور ممسک ہیں۔

(۳۱) درد گردہ

از جناب مولوی غلام علی منشی صاحب

اجزاء ترکیب ساخت: اوشادر یمنی مرچ سیاہ۔ مغز بادام
ہم وزن کوٹ چھان کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ صبح کو ایک شیشہ گرم پانی سے نوش کرائیں۔
خواص: درد گردہ کو ۵ منٹ میں ہدیہ اور اول تسکین دے
بلکہ آخری تک بھی مفید بلکہ اکسیر ہے۔

اکسیر آتشک

از جناب محمد حسین صاحب

اجزاء ترکیب ساخت: تخم انار سفید ۵ تولہ رنگ جراحت ۲ تولہ
سنگ مرجان ۲ تولہ ہڑتال ورقہ نشاستہ ۲ تولہ شکر سرخ ۲ تولہ
ماسوائے نمبر ۵ تمام اشیاء مذکورہ کو باریک پیس کر رکھیں ایک عدد کوزہ گلی
جس میں یہ تمام اشیاء مذکورہ آسکیں پہلے نمبر ۱ پھر نمبر ۲ پھر نمبر ۳ پھر نمبر ۴ مگر
نمبر ۵ کو جاکوب کرلیں تاکہ آسانی سے رکھا جاسکے مابعد از نمبر ۵ کے نمبر ۴-۳-۲
۱ کو کوزہ میں اچھی طرح بند کرکے خوب اچھی طرح دو صد کپڑوں کریں۔ تاکہ
ضائع ہونے کا احتمال نہ رہے جب خشک ہوجائے آتش اوپلہ ۲ سیر پختہ دیں۔
سرد ہونے پر اکسیر نکالیں۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول ہمراہ ایک پاشہ قند سفید غذا: نان خود مرغن
بلا نمک صبح و شام دو وقت تمدن ۲ چاول ڈاکر اوپر سے پانی سادہ پلادیں آج
تک بفضل خدا میرے پاس ایسا مریض نہیں آیا جس نے دو تین حکیم صاحبان و ڈاکٹر
صاحبان کا علاج نہ کیا ہوگا مگر بفضل خدا صحت ہی اپنا منہ دکھاتی ہے علاوہ
ازیں پرہیز پر بھی اکسیر کا کام دیتا ہے خوراک وہی ہے۔

نوٹ: ایک ہفتہ کی قلیل مدت میں کہنہ از کہنہ مریض آتشک اس سے نجات حاصل
کرچکا کبھی ایسا بھی اتفاق ہوتا ہے کہ صرف ۴ خوراک سے صحت ہوجاتی ہے
نہ مسہل کی ضرورت نہ ہی بے چینی ہوگی غرضیکہ کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی۔

روغن مُرکّب

از جناب ولی محمد صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت : لونگ ۱ تولہ۔ سنڈھ ۱ تولہ جائفل ۱ تولہ گلرخ ۱ تولہ پھل سیونی ۱ تولہ سورنجاں شیریں ۱ تولہ بھلاوہ ۱ تولہ اجوائن چہار مغز ۱ تولہ۔ اندرجو ۱ تولہ جلوتری ۱ تولہ مال کنگنی ۱ تولہ پھل دھادا ۱ تولہ زعفران ۶ ماشہ رتن جوت ۱ تولہ دارچینی ۱ تولہ کچلہ ۱ تولہ کٹھ تلخ ۱ تولہ میٹھا تیلیہ ۱ تولہ سبز کنر کی جڑ ۲ تولہ۔ بچ ۱ تولہ۔ اگر تیل ۱۰ تولہ بنفشہ ۱ تولہ بیخ مدار ۱ تولہ۔ جرمل خشک ۱ تولہ کوٹنے والی اشیاء کوٹ کر چار حصہ پانی ڈال دیں اور تین دن اندر رکھ چھوڑیں چوتھے دن آگ پر جوش دیں جب ایک حصہ پانی رہ جائے تین حصہ دوا کے وزن کے مطابق تیل کنجد ڈال کر پکا دیں جب تیل رہ جائے نیچے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھر لیں اور کام میں لاویں۔

نوٹ : دواؤں کو پانی میں اُبال کر پُن چھان کر تیل میں ملا دیں۔ اور دعائے خیر سے یاد فرمادیں۔

فوائد : درد ریحی۔ درد گنٹھیا۔ رنگین۔ ذات الجنب۔ عرق النساء چوٹ کی درد۔ فالج۔ لقوہ۔ مقوی اعصاب ؛

ترکیب استعمال : تھوڑا سا تیل لے کر قریب ایک تولہ کے ۲ تولہ روغن کنجد میں ملا کر استعمال کریں۔ سردی سے پرہیز کریں ؛

(۲)

نسخہ حبوب

اجزاء و ترکیب ساخت

میٹھا تیلیہ ایک تولہ کو ۵ سیر شیر بھینس میں مدبر کریں بقدر ۶ ماشہ شنگرف رومی تین ماشہ سم الفار سفید دونوں کو مثل سرمہ کریں پھر میٹھا تیلیہ ملا کر خوب پیس لیں پھر مرچ سیاہ ۳ ماشہ دارچینی ۳ ماشہ لونگ ۳ ماشہ ست پودینہ ۳ ماشہ ست لیموں ۳ ماشہ باریک پیس کر مثل سرمہ اس میں شامل کریں اور پھر پانی خالص ۱½ پاؤ ان میں آہستہ آہستہ گھول کریں بعدہ گولی ۳۶۰ باندھیں ؛

فوائد : درد ریحی۔ درد گنٹھیا۔ کمی خون۔ کمی باہ۔ آتشک کے بعد کی نامردی عرق النساء مصفی خون۔ مقوی معدہ کے لئے نافع ہے ؛

ترکیب استعمال : عرق سونف یا گرم پانی۔ عرق مکو یہ عرق گاؤزبان مناسب خیال کر کے دیں۔

اکسیر الاجسام

اجزاء و ترکیب ساخت

ٹنکار ۳ تولہ زرنیخ سفید ۲½ تولہ عقاب معدنی ۲ تولہ قتال ابیض ۲ تولہ ادویات ہذا کو جدا جدا نہایت باریک پیس کر باہم ممزوج کریں بعد

دنوں سرکہ گلوریں نیم پاؤ آب لیموں نیم پاؤ۔ دونوں آبوں کو آپس میں خلط کریں
اور ادویات مرقوم بالا سفید شدہ کو اچھی طرح سے حل کر کے رکھ دیں پھر کپڑا
ڈبو کر پیئے اور خوب اچھی طرح مجھ میں لقمہ کر کے آب مذکورہ میں ڈبوتے
رہیں علیٰ ہذا القیاس حل ہذا کو ۵ دفعہ سرد کریں مگر پانی باہر نچوڑ دینا چاہیئے
پارہ تولہ۔ تلی تولہ۔ تلی کو گلو کر پارہ داخل کریں پھر اتار کر خوب پیسیں جس
وقت خوب پیس جاویں تو شنگرف ماشہ زنگبور ۲ ماشہ دارچینی ۲ ماشہ
ہڑتال ۲ ماشہ ان کو بھی نرم نرم پیس کر کے ساتھ ڈال کر پیستے رہیں پھر
قدرے آب اوک ڈال کر کم از کم ایک گھنٹہ تک دائیں ہاتھوں سے کھرل کرتے
رہیں بعد ایک ضماد تیار کریں اور پیہ مذکور کے زیر و بالا لیپ کریں اور سایہ
میں خشک کر دیویں۔ بعد ازاں اجوائن خراسانی ہذرا لبنج ۶ تولہ لے کر کوٹ کر
پیدہ کی طرح بنا دیں اور ۳ تولہ شیر خشت حیات ڈال کر کھرل کریں۔ اب
ایک خورد کھٹائی لے کر اجوائن جو کہ شیر خشت میں کھرل کیا گیا ہے زیر و بالا
یعنی فرش و لحاف کریں اور پیہ درمیان رکھیں اور خوب کل حکمت کر کے
ہوا سے بچا کر ۳۰ اثار پاچک دشتی کی آگ دیں انشاء اللہ پھولا ہوا کشتہ
شل چونا برآمد ہوگا۔ اب اکسیر الاجسام تیار ہے ؛

ترکیب استعمال

مکس بانیاتی کے اندر کھلائیں خوراک صرف آٹھ چاول ؛

فوائد

نامردی۔ دیع المفاصل۔ نقرس۔ عرق النساء۔ آتشک
وغیرہ عسیر العلاج بیماریوں کا شرطیہ علاج ہے میرا
مجرب المجرب ہے ؛

اکسیر چشم

از جناب حکیم گوڑیانی صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگ بھری۔ زنگار۔ گوند کیکر ہموزن لے کر
خوب باریک کھرل کریں۔ بعد پودینہ سبز لے کر خوب دھولیں کہ مٹی وغیرہ سے
پاک ہو جاتے پھر اسے کوٹ کر رس حاصل کریں خط پڑا رہنے دیں کہ گاد
نیچے بیٹھ جاوے اوپر سے نتارا ہوا رس مندرجہ بالا دوائی میں اتنا ڈالیں کہ
وہ انگل اوپر تر آ دے بعد کھرل کریں خشک ہو جاویں۔ اسی طرح ۷ دفعہ
دفعہ اور بھی اس ترکیب سے کھرل کر کے خشک کر دیں کہ کل تین دفعہ ہو جاتے
بعد حب منشا ہتیاں بنا رکھیں ؛

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت پانی یا گلاب میں کسی لوہے کی
چیز پر گھسا کر آنکھ میں ڈالیں۔

فوائد: آنکھ دکھنے کو ایک دن میں صحت دیتی ہے کنکرہ۔ چشم
وغیرہ کے لئے کامل تریاق ہے ؛

اکسیر جدید

اجزاء و ترکیب ساخت

دھتورا کے بیج ۹ ماشہ سونٹھ ۲ ماشہ جائفل ۲ ماشہ
زعفران ۳ ماشہ۔ ریوند خطائی ۲ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت۔ پہلے ہر
ایک چیز کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر نہایت باریک کریں پھر مکھی اور زعفران
اور دوہ تمام ادویہ ملا کر خوب کھرل کریں کہ مثل موم کے ہو جائے۔ پھر
اس کو ڈبہ میں رکھ چھوڑیں۔

ترک استعمال

۲ چاول سے ایک رتی تک ؛

فوائد

آتشک۔ سوزاک۔ نامردی۔ گنٹھیا۔ ذات الجنب،
نامردی۔ جریان۔ امساک وغیرہ۔ اس کو کامل حکیم
کئی مرضوں پر چلا سکتا ہے ؛

تیار کردہ

فہرست

تحفۂ جمیلی

نام ادویات	صفحہ	نام ادویات	صفحہ
تعارف	۳	گرانوردل	۱۴
اکسیر لاثانی	۵	جاوند	۱۵
طلا ماسرای	۶	شفاء	۱۶
تریاق چشم	۷	طلسمین	۱۷
امساک	۷	تریاقی	۱۸
پائیوریین	۸	اخمرین	۱۹
ملیریا	۸	بواسیری	۲۰
حبر یاقول	۹	تریاق ذات الجنب	۲۱
بخارین	۱۰	دُرِ ثمین	۲۲
ترکیب عرق کافور	۱۰	حب اعجاز	۲۳
خنازیری	۱۱	پتھر توڑ	۲۴
راحتی	۱۲	کشتہ کاغج	۲۵
تریاق	۱۳	اکسیر اعظم	۲۵
کشتہ کوڑی نیلا تھوتھہ والا	۱۳	طلا لاثانی	۲۷

نام ادویات	صفحہ
نسخہ مقوی باہ مدک	۲۸
ٹانک ملٹز	۲۹
اکسیر جریان	۲۹
طلار	۳۰
طاقت کی لاثانی دوا	۳۰
دُرِ مکنون	۳۱
نسخہ طلار	۳۲
کشتہ تانبہ	۳۲
مقوی باہ	۳۳
مقوی باہ	۳۴
نسخہ پیس	۳۵
قطع منہ	۳۶
کمال کھانسی	۳۶
پیچش	۳۷
پرسنگن	۳۸
شیرہ	۳۹
شربت انجبار	۴۰
اکسیر ذیابیطس	۴۱

نام ادویات	صفحہ
بواسیر	۴۲
قوت باہ	۴۳
اکسیر ہیضہ	۴۴
حب حیات	۴۵
حلوا مقوی	۴۵
طلار ملذذ	۴۶
تریاق نونیا	۴۶
صرع	۴۷
اکسیر معدہ	۴۷
طاقت کی گولیاں	۴۸
دہد گردہ	۴۸
اکسیر آتشک	۴۹
روغن مرکب	۵۰
نسخہ جبوب	۵۱
اکسیر الاجسام	۵۱
اکسیر چشم	۵۳
اکسیر جدید	۵۴
...	